## سوال

(325)خطبہ جمعہ سننا واجب اوراذان کا جواب دینا سنت ہے

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

انسان جمعہ کے دن مسجد میں اس وقت داخل ہو جب موذن دوسری اذان دے رہا ہو تو کیا وہ تحیۃ المسجد پڑھے یا موذن کا جواب دے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اہل علم نے ذکر کیا ہے کہ جب انسان جمعہ کے دن مسجد میں اس وقت داخل ہو جب موذن دوسری اذان دے رہا ہو، تو وہ تحیۃ المسجد پڑھے اور موذن کا جواب دینے میں مشغول نہ ہوتا کہ وہ خطبہ سننے کے لیے فارغ ہو جائے کیونکہ خطبہ کا سننا واجب ہے اور مؤذن کی اذان کا جواب دینا سنت ہے اور سنت واجب کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ ارکان اسلام

## عقائد کے مسائل : صفحہ325

محدث فتویٰ